برامپٹن:
ایک فنون سے
بھرپور مستقبل

سٹی آف برامپٹن کی
عوامی فنون کی حکمت عملی

سٹی آف برامپٹن عوامی فنون کو ایک ایسے اہم ذریعے کے طور پر تسلیم کرتا ہے جو ایک متحرک، خوشحال اور سب کو شامل کرنے والے شہروں کی تعمیر میں مدد دیتے ہیں۔

یہ حکمت عملی عوامی فنون کے مختلف منصوبوں کے ذریعے برامپٹن کی تخلیقی کمیونٹی کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو فروغ دیتی ہے، جن میں فنکاروں کی اعانت کے مواقع، سرپرستی، تربیتی پروگرام اور دیگر سہولیات شامل ہیں۔

برامپٹن: فنون سے بھرپور مستقبل میں درج ذیل سات اہم ستون شامل ہیں:

تنوع اور شمولیت
کمیونٹی سے جُڑنا
مفاہمت اور مقامی شناخت کا فروغ
آسان رسائی
تخلیقی صلاحیتوں اور جدت کی معاونت
اشتراک
مسلسل سرمایہ کاری

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:
brampton.ca/publicart

BRAMPTON

Urdu

جہاں ثقافت اور معاشرہ ہم آہنگ ہوتے ہیں

برامپٹن کے عوامی فنون کو دریافت کریں

میرا محلہ آرٹ منصوبہ (My Neighbourhood Art Project)

یہ پروگرام رہائشیوں اور فنکاروں کو ایک جگہ اکٹھا کرتا ہے تاکہ وہ برامپٹن کی مختلف کمیونٹیز میں دلکش عوامی فن پارے مل کر تخلیق کر سکیں۔ فنکاروں کی قیادت میں منعقد ہونے والی ورکشاپس کے ذریعے ہر عمر کے پڑوسی اپنے خیالات اور تخلیقی صلاحیتیں شیئر کرتے ہیں جو دلکش عوامی فن کو جنم دیتی ہیں اور محلوں کی جگہوں کو خوبصورت بناتی ہیں۔

برامپٹن باکسڈ (Brampton BOXED) - ٹریفک باکس آرٹ پروگرام (Traffic Box Art Program)

اس پروگرام کے تحت ٹریفک کنٹرول باکسز پر عوامی فنون تخلیق کرنے کے لیے ابھرتے ہوئے فنکاروں کی خدمات سے استفادہ حاصل کیا جاتا ہے۔ باکسڈ فن پاروں میں شہر کی منفرد شناخت کا جشن منایا جاتا ہے اور ان کے ذریعے برامپٹن کی روح اور کہانیوں کو اجاگر کیا جاتا ہے۔

راستوں اور پگڈنڈیوں کے ساتھ عوامی فنون

عوامی فنون کا یہ اقدام لوگوں کو دعوت دیتا ہے کہ وہ شہر کے پارکس اور پگڈنڈیوں کے نظام میں مخصوص مقامات کے لیے تیار کیے گئے عارضی فن پاروں کی ایک سلسلہ وار نمائش سے لطف اندوز ہوں۔ یہ فن پارے ان جگہوں کے لیے خاص طور پر منتخب کیے جاتے ہیں تاکہ ان میں بصری دلکشی کا ایک غیر متوقع عنصر شامل کیا جا سکے، جسے لوگ راہ چلتے ہوئے اچانک دیکھتے ہیں۔

کنوینیئنٹ آرٹ

8 نیلسن پر واقع مین فلور کی ایک خالی دکان میں قائم، کنوینیئنٹ آرٹ نمائش کی ایک عارضی جگہ ہے جو برامپٹن کے ابھرتے ہوئے فنکاروں کی حمایت کرتی ہے۔ اس جگہ پر نصب فن پارے دکان کی کھڑکیوں کے ذریعے 7/24 دیکھے جا سکتے ہیں۔

ان سالانہ پروگراموں کے علاوہ، شہر کے پاس عوامی **فنون کی تنصیبات، دیوار نگاری، یادگاریں اور یادگاری مقامات کا ایک دلچسپ ذخیرہ** بھی موجود ہے۔

brampton.ca/publicart

BRAMPTON